"کنز الدقائق" کو درس نظامی کے فقہی شعبہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ ہر دور میں اکابر ائمہ فن اور فقہاء عظام کی توجہ تعلیم و تدریس اور شرح و توضیح کا محور رہی ہے۔ اس کی دسیوں شروحات لکھی گئیں۔ معروف مصنف علامہ عبدالحکیم افغانی م ۱۲۵۰ھ-۱۳۲۶ھ نے بھی اپنی دیگر اہم و قیع تصنیفات کی طرح شرح کنز پر بھی خصوصی توجہ دی اور "کشف الحقائق" کے نام سے ایک مختصر مگر جامع شرح تالیف فرمائی۔ موصوف عظیم فقیہ، زاہد، صاحب علم و فضل اور با کمال مدرس تھے۔ جامعۃ الازہر کے اکابر علماء اور مشائخ موصوف کی عظمت اور فقہی تصلب کے معترف اور مداح تھے۔ "کشف الحقائق" میں موصوف کا اسلوب سہل، اختصار مگر جامعیت کا ہے، جسے عربی اور فقہ سے ادنیٰ مناسبت رکھنے والے طلبہ بھی آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ موصوف عام شارحین کی طرح صور محتملہ اور اس مسئلہ کے طویل مباحث سے اجتناب کرتے ہیں، بحث سے متعلقہ دلیل پر جرح و تعدیل کے اصول سے پوری نظر رکھتے ہیں۔ دلائل متعارضہ میں ایک جید عالم، محدث اور فقیہ کی طرح تطبیق یا ترجیح کی صورت اختیار کرتے ہیں۔ درایۃ اور روایۃ کی جمع میں علامہ ابن الہمامؒ کی "شرح الہدایہ" اور ملا علی قاریؒ کی "شرح النقایہ" کا اسلوب اپناتے ہیں۔

بہرحال اختصار و تسہیل اور تدریس کے اعتبار سے یہ شرح اساتذہ اور طلبہ کے لیے بے حد نافع اور مفید ہے۔ "ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ" نے اسے دو جلدوں میں عمدہ طباعت اور مضبوط و دیدہ زیب جلد بندی کے ساتھ طبع کرایا ہے، یقیناً اہل علم اس کی قدر کریں گے۔

کتاب الطہارۃ (طہارت کے مسائل) | مؤلف: محمد اقبال کیلانی — صفحات ۸۸ — قیمت: وقف للہ
ناشر: حدیث پبلیکیشنز، حضرت کیلیانوالہ براستہ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ

اسلام کے بنیادی ارکان میں نماز کو اولیت اور فوقیت حاصل ہے اور اس بارے میں قرآن و حدیث کا ذخیرہ بھرا پڑا ہے، لیکن صحت نماز کے لیے طہارت ضروری اور اولین شرط ہے۔ چنانچہ زیر نظر کتاب میں طہارت اور پاکیزگی کے بارے میں کتب احادیث سے احادیث صحیحہ کا جتنا حصہ میسر آسکا فاضل مؤلف نے کمال حسن اسلوبی سے یکجا کیا ہے۔ اس سے پہلے "کتاب الجنائز" اور اسی طرح دیگر معلوماتی رسائل اس ادارہ کی جانب سے مفت تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ اور بقول مرتب احادیث صحیحہ کی روشنی میں مسائل کی اشاعت سے ہمارے پیش نظر درج ذیل مقاصد ہیں:- (۱) لوگوں میں احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم پڑھنے پڑھانے اور سیکھنے سکھلانے کا رواج اس طرح عام ہو جس طرح کہ خیر القرون میں تھا۔ (۲) دینی مسائل کو حدیث رسولؐ کے حوالے سے قبول کرنے کی سوچ اور فکر پیدا ہو۔ (۳) حدیث رسولؐ کی آئینی حیثیت اور شرعی مقام لوگوں کے اذہان میں جاگزیں ہو ——— زیر تبصرہ کتاب "کتاب الطہارت" کے مسائل ان دو پہلوؤں "۱ اسلام کا تصور طہارت بمقابلہ دیگر ادیان اور ۲ بعض مسائل طہارت اور فتنہ انکار حدیث" سے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ اس مختصر مگر جامع رسالہ سے خوب خوب استفادہ کیا جائے گا۔ (م۔ا۔ف)

نوٹ:- کتاب منگوانے کے لیے -/۴ روپے کے ڈاک ٹکٹ اور جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ضرور بھیجیں۔